ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(820)

26-12-2022

ڈی پی او بہاول پور عبادت نثار کی ہدات پر بہاول پور پولیس کا نیوائیر نائٹ کے حوالے سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن،14 ملزمان گرفتار،610 لیٹر شراب دیسی،420 لیٹر لہن،03 چالو بھٹیاں شراب اور اسلحہ ناجائز برآمد۔

بہاول پور(   )تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر بہاول پور پولیس نے نیوائیر نائٹ کے حوالے سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے کل 640 لیٹر شراب دیسی معہ لہن اور چالو بھٹیاں شراب برآمد کر لیں۔تھانہ عنائتی پولیس نے کامران اور اللہ رکھا سے 120 لیٹر شراب دیسی،400 لیٹر لہن،01 چالو بھٹی شراب،تھانہ سمہ سٹہ نے ملزمان اصغر اور سیف سے 120 لیٹر شراب دیسی،20 لیٹر لہن،01 چالو بھٹی شراب۔اسی طرح چنی گوٹھ پولیس نے ملزمان مرید حسن اور شکیل ماتم سے 170 لیٹر دیسی شراب معہ چالو بھٹی برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ،دھوڑ کوٹ،نوشہرہ جدید اور صدر یزمان نے ملزمان جمیل چنڑ،جمیل بلوچ، ساجد ، رشید اور گلفام رستم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 340 لیٹر شراب دیسی برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ ڈیروار،عنائتی ، خیر پور ٹامیوالی اور سٹی حاصلپور اسلحہ غیر قانونی کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان عباس، عابد،آصف،محمد امیر،تسلیم ستار اور ذیشان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے پسٹل 30 بور 06 عدد برآمد کر لیے۔نوشہرہ پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے عمران کو گرفتار کر کے 560 گرام چرس برآمد کر لی۔پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمات درج رجسٹر کر لئے ۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاول پو عبادت نثار نے تمام متعلقہ ایس ایچ اوز کو اچھی کارکردگی پر شاباش دی اور آئندہ بھی ایسی مزید کاروائی جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ڈی پی او مزید کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر معاشرے کا ناسور ہیں۔ان کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور پولیس کا نیوائیر نائٹ کے حوالے سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن،14 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(821)

26-122022

بہاولپور(   )ڈی پی او عبادت نثار نے نیو ایئر نائٹ کے حوالے سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کا حکم،تمام قومی وصوبائی شاہراہوں سمیت ضلع بھر کی تمام سڑکوں کو محفوظ بنانے کے لئے کل وقتی اور موثر پولیس پٹرولنگ کے احکامات جاری کر دیئے، ہر قسم کی مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور شاہراہوں کو وارداتوں سے محفوظ رکھنا ہمارا اولین فرض ہے جس کے لئے ہم دن رات کوشاں ہیں،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنزل آف پولیس پنجاب کی پالیسی 'جرائم سے پاک معاشرہ 'اس ضمن میں جاری ہدایات کی روشنی اور 24/7 پولیسنگ کا تسلسل میں ضلع بھر کے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ نیو ایئر نائٹ کے حوالے سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کاروائیاں عمل میں لائی جائیں۔نیو ائیر نائٹ کے موقع پر امن وامان کا قیام اس بات پر منحصر ہے کہ مارکیٹس ، رہائشی علاقے اور عام سڑکیں کس قدر محفوظ ہیں،انہوں نے کہا کہ "پر امن بہاولپور " کی منزل حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور شاہراہوں کو ہر حوالے سے محفوظ بنایا جائے۔اس ضمن میں سڑکوں پر پولیس کی کل وقتی پٹرولنگ ناگزیر ہے جسے ضلع بھر میں لازمی قرار دے دیا گیا ہے، اس پٹرولنگ کو میں خود مانیٹر کروں گا، پٹرولنگ کرنے والے افسران کی پوزیشن پوچھوں گا اسے کانٹر چیک کرایا جائے گا،ڈی پی او عبادت نثار نے کہا کہ ہم موثر گشت کو یقینی بناتے ہوئے قومی شاہراہ سمیت ضلع کی تمام بڑی اور ضمنی سڑکوں کو سنگین واردارتوں سے محفوظ بنائیں گے اوران پر ٹریفک کی کل وقتی روانی کو بھی یقینی بنایا جائے گا کیونکہ محفوظ شاہرات" محفوظ بہاولپور " کی ابتدا ہے۔

ترجمان پولیس بہاولپور